فوری ریلیز کے لیے: 2023/2/5 گورنر **KATHY HOCHUL**

## *گورنر HOCHUL نے تحفظ شراکت داری پروگرام گرانٹس میں $3 ملین سے زیادہ کی رقم سے نوازا ہے*

## *کھلی جگہوں کی حفاظت کرنے، پانی کے معیار کو بہتر بنانے اور مقامی معیشتوں کی معاونت کرنے کے لیے 45 اراضی ٹرسٹوں کو گرانٹس دی گئی ہیں*

## *2030 تک ریاست بھر میں 30 فیصد عوامی اراضی کے تحفظ کے لیے نیویارک کے ہدف کو پورا کرنے میں مدد کرتی ہے*

## *قدرتی موسمیاتی حل کو فروغ دیتی ہے، جو نیویارک کے موسمیاتی ایکشن پلان کی کلید ہیں*

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ریاست بھر میں 45 غیر منفعتی اراضی ٹرسٹوں کے لیے تحفظ شراکت داری پروگرام گرانٹس میں $3 ملین سے زیادہ دیئے جائیں گے تاکہ ایسے پروجیکٹس کی معاونت کی جائے جو پانی کے معیار اور کھیت کھلیانوں کی حفاظت کرتے ہیں، بیرونِ خانہ تفریح تک عوامی رسائی بڑھاتے ہیں اور کھلی جگہوں کو محفوظ بناتے ہیں تاکہ کمیونٹی کی صحت، سیاحت اور اقتصادی ترقی کو فائدہ پہنچے۔ ان اعلانات میں 67 گرانٹس شامل ہیں جو ریاست نیویارک کے ماحولیاتی تحفظ کے فنڈ کے ذریعے فراہم کی گئی ہیں جو نجی اور مقامی فنڈنگ کی مد میں اضافی $3 ملین سے فائدہ اٹھائیں گی۔

"ماحولیاتی تبدیلی کو کم کرنے اور ہماری ریاست کے بے مثال قدرتی وسائل کی حفاظت کے لیے نیویارک کی لڑائی میں زمین کا تحفظ ضروری ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ریاست بھر میں اراضی ٹرسٹوں کے اہم کام کی معاونت سے 2030 تک ہم نیویارک میں 30 فیصد عوامی اراضی کے تحفظ کے اپنے ہدف کے قریب پہنچ جائیں گے، اس سے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے کہ آنے والی نسلوں کو سبز جگہ اور محفوظ قدرتی رہائش گاہوں تک رسائی حاصل ہو گی۔"

اراضی ٹرسٹ اتحاد، ریاست نیویارک کے محکمۂ برائے ماحولیاتی تحفظ ( New York State Department of Environmental Conservation, DEC) کے ساتھ مل کر تحفظ شراکت داری پروگرام کا انتظام کرتا ہے۔ تحفظ شراکت داری پروگرام کی گرانٹس میں $3.075 ملین اور نجی اور مقامی فنڈنگ میں $3 ملین ریاستی زمینوں کی موسمیاتی تبدیلی کے لیے لچک میں اضافہ کریں گے اور کاربن کو ذخیرہ کرتے ہوئے موسمیاتی حل میں حصہ ڈالیں گے۔ موسمیاتی تبدیلیوں سے منسلک خطرات سے نمٹنے میں قدرتی آب و ہوا کے حل کا اہم کردار ہو گا۔

**محکمۂ ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "چونکہ ریاست نیویارک کی جانب سے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کو مسلسل لاگو کیا جا رہا ہے، اس لیے اراضی ٹرسٹ کمیونٹی میں تحفظ شراکت داری پروگرام کی جانب سے تعمیر کی گئی صلاحیت بہت اہم ہو گی۔ زمینی ٹرسٹس، جنگلات اور کھلی جگہوں کے تحفظ میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں جو پسماندہ کمیونٹیز میں قدرتی علاقوں کے تحفظ سمیت، ہمیں اسکوپنگ پلان کے کاربن پر قابو پانے کے اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کریں گے، تاکہ فضائی آلودگی اور آب و ہوا میں تبدیلی کرنے

والی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراجوں کو کم کرنے میں مدد ملے۔ DEC اس اہم پروگرام کے انتظام کے لیے اراضی ٹرسٹ اتحاد کی تعریف کرتا ہے۔"

**اراضی ٹرسٹ اتحاد کے صدر اور CEO Andrew Bowman نے کہا،** "نیو یارک کے شہریوں کو صحت، تفریح اور بہت سے معاشی فوائد کے لیے کھلی جگہوں کی ضرورت ہے اور وہ انہیں پسند کرتے ہیں اور تحفظ شراکت داری پروگرام کے لیے فنڈنگ کا یہ نیا راؤنڈ نیویارک کے شہریوں اور ماحول کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کے لیے ایک مضبوط عزم کا اشارہ ہے۔ یہ گرانٹس نیویارک کی اراضی ٹرسٹ کمیونٹی کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائیں گی تاکہ مقامی قیمتی بیرونی مقامات کی حفاظت کی جا سکے اور آب و ہوا کے اہم فوائد فراہم کرنے میں مدد ملے۔ اراضی ٹرسٹ اتحاد کی جانب سے، میں گورنر Kathy Hochul، سینیٹ کی اکثریتی رہنما Andrea Stewart-Cousins، اسمبلی سپیکر Carl Heastie، اور DEC کمشنر Seggos کو سراہتا ہوں کہ موسمیاتی تبدیلی کے مقابلے میں صاف پانی کی مسلسل دستیابی، بیرونی تفریح، اور اقتصادی مواقع کی مسلسل دستیابی کو یقینی بنایا گیا ہے۔"

آج اعلان کردہ گرانٹ ایوارڈز $2,960 سے $100,000 تک ہیں، اور ان میں شامل ہیں:

**دارالحکومتی علاقہ - $664,040 کُل**

- زرعی سٹیورڈ شپ ایسوسی ایشن: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، $100,000؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، $8,480
- امریکن فارم لینڈ ٹرسٹ: عمل انگیز گرانٹ، $85,000
- کولمبیا اراضی تحفظ: عمل انگیز گرانٹ، $115,200
- گرین لینڈ ٹرسٹ: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، $78,000
- لیک جارج اراضی تحفظ: استعداد کی گرانٹ، $23,8000؛ شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، $44,500
- موہاک ہڈسن اراضی تحفظ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، $20,900؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، $19,440
- دی نیچر کنزرونسی: استعداد کی گرانٹ، $50,000
- پیٹنی میڈوز کمیونٹی فارم: استعداد کی گرانٹ، $23,600
- رینسیلر پلیٹیو الائنس: استعداد کی گرانٹ، $23,100؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، $48,500
- سراٹوگا پلان: استعداد کی گرانٹ، $23,520

**مرکزی نیویارک - $88,300 کُل**

- کازانووا تحفظ فاؤنڈیشن: استعداد کی گرانٹس، $37,400
- فنگر لیکس اراضی ٹرسٹ: ٹرانزیکشن گرانٹ، $13,000
- نیویارک ایگری کلچر اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ، $37,900

**فنگر لیکس - $138,100 کُل**

- جینیسی اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ، $49,400؛ شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، $74,400
- جینیسی ویلی تحفظ: استعداد کی گرانٹ، $14,300

**لانگ آئی لینڈ - $253,900 کُل**

- نارتھ شور اراضی الائنس: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 92,700$
- پیکونک اراضی ٹرسٹ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 61,200$

**وسطی ہڈسن - 870,950$ کُل**

- ڈیلاویئر ہائی لینڈز تحفظ: ٹرانزیکشن گرانٹ، 27,700$
- ڈچز اراضی تحفظ: استعداد کی گرانٹ 49,000$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 75,000$
- ہڈسن ہائی لینڈز اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ، 50,000$؛ شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، $100,000
- دریائے میانس جارج تحفظ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 39,700$
- موہونک تحفظ: استعداد کی گرانٹ، 27,500$؛ شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 50,000$
- اورنج کاؤنٹی اراضی ٹرسٹ: ٹرانزیکشن گرانٹ، 49,750$
- آؤٹ ڈور پرامس: استعداد کی گرانٹ، 24,700$
- پاؤنڈ رِج اراضی تحفظ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 35,000$
- پٹنیم کاؤنٹی اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ، 26,000$
- سینک ہڈسن اراضی ٹرسٹ: عمل انگیز گرانٹ، 100,000$
- ٹی ٹاؤن لیک تحفظ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 51,700$
- وال کِل ویلی اراضی ٹرسٹ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 32,500$
- ویسٹ چیسٹر اراضی ٹرسٹ: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، 100,000$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 17,400$
- وڈ اسٹاک اراضی تحفظ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 15,000$

**موہاک ویلی - 51,000$ کُل**

- نارتھ ایسٹ ولڈرنیس ٹرسٹ: ٹرانزیکشن گرانٹ، 31,000$
- ٹگ ہِل ٹومارو اراضی ٹرسٹ: ٹرانزیکشن گرانٹ، 20,000$

**نیو یارک سٹی - 177,620$ کُل**

- بروکلین کوئینز اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ، 33,000$
- گرین گوریلاز: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 44,620$
- دی ٹرسٹ برائے اراضی عامہ: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، 100,000$
- اوپن اسپیس انسٹی ٹیوٹ: عمل انگیز گرانٹ، 75,000$

**شمالی ملک - 513,790$ کُل**

- ایڈیرونڈیک اراضی ٹرسٹ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 93,300$
- چیپلین ایریا ٹریلز: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، 100,000$
- انڈین ریور لیکس تحفظ: استعداد کی گرانٹ 45,800$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 2,960$
- نارتھ ایسٹ ولڈرنیس ٹرسٹ: ٹرانزیکشن گرانٹ، 69,000$
- OBI اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹ 18,850$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 7,880$
- اوپن اسپیس انسٹی ٹیوٹ: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 75,000$
- تھاؤزنڈ آئی لینڈز اراضی ٹرسٹ: ماہرانہ ترقیاتی گرانٹ، 80,000$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 21,000$

**جنوبی سلسلہ - 60,700$ کُل**

- فنگر لیکس اراضی ٹرسٹ: عمل انگیز گرانٹ، 60,700$

**مغربی نیویارک - 256,600$ کُل**

- بفلو نیاگرا ریور اراضی ٹرسٹ: استعداد کی گرانٹس، 70,000$
- گراس روٹس گارڈنز WNY: شاگردی اور وسائل کے انتظام کی گرانٹ، 36,600$
- مغربی نیویارک اراضی تحفظ: استعداد کی گرانٹ 50,000$؛ ٹرانزیکشن گرانٹ، 100,000$

ان گرانٹس کی ایک تفصیلی تقسیم DEC کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

اس سال کے گرانٹیز میں 35 منظور شدہ اراضی ٹرسٹس شامل ہیں جنہوں نے آزادانہ تصدیق حاصل کی ہے کہ زمین کے تحفظ، اسٹیورڈ شپ اور غیر منافع بخش انتظام کے لیے، ان کے کام اور آپریشنز، اعلیٰ معیارات پر پورا اترتے ہیں۔ منظور شدہ گرانٹیز میں شامل ہیں، ایڈیرونڈیک اراضی ٹرسٹ، ایگریکلچرل اسٹیورڈ شپ ایسوسی ایشن، کازانووا تحفظ فاؤنڈیشن، چیمپلین ایریا ٹریلز، کولمبیا اراضی تحفظ، ڈیلاویئر ہائی لینڈز تحفظ، ڈچس اراضی تحفظ، فنگر لیکس اراضی ٹرسٹ، جینیسی اراضی ٹرسٹ، جینیسی ویلی تحفظ، گراس روٹس گارڈنز WNY، گرینی اراضی ٹرسٹ، ہڈسن ہائی لینڈز اراضی ٹرسٹ، انڈین ریور لیکس تحفظ، لیک جارج اراضی تحفظ، میانس ریور گورج، موہاک ہڈسن اراضی تحفظ، موہونک تحفظ، دی نیچر تحفظ، نارتھ ایسٹ ولڈرنس ٹرسٹ، نارتھ شور اراضی اتحاد، اورنج کاؤنٹی اراضی ٹرسٹ، اوپن اسپیس انسٹی ٹیوٹ، پیکونک اراضی ٹرسٹ، پاؤنڈ رج اراضی تحفظ، پٹنیم کاؤنٹی اراضی تحفظ، رینیسلر پلیٹیو اتحاد، سراٹوگا پلان، سینیک ہڈسن اراضی ٹرسٹ، تھاوزنڈ آئی لینڈ اراضی ٹرسٹ، ٹرسٹ برائے عوامی اراضی، ٹگ ہِل ٹومورو اراضی ٹرسٹ، وال کِل ویلی اراضی ٹرسٹ، ویسٹ چیسٹر اراضی ٹرسٹ، مغربی نیویارک اراضی تحفظ اور وڈ اسٹاک اراضی تحفظ

2002 میں کنزرویشن پارٹنرشپ پروگرام کی تخلیق کے بعد سے، اور اس سال کی گرانٹس سمیت، اس پروگرام نے 94 اراضی ٹرسٹوں کو 28$ ملین سے زیادہ کی کل 1,144 گرانٹس دی ہیں۔ مجموعی طور پر، ریاست کی سرمایہ کاری نے مقامی اور نجی ذرائع سے اضافی فنڈنگ کی مد میں 29.5$ ملین کا فائدہ اٹھایا ہے۔

دسمبر 2022 میں، گورنر Hochul نے ایک قانون سازی پر دستخط کیے ہیں جس میں سال 2030 تک کم از کم 30 فیصد امریکی زمین اور پانی کو محفوظ کرنے کے لیے قومی کوششوں کی حمایت اور تعاون کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ یہ قانون حیاتیاتی تنوع کو فروغ دیتا ہے اور نیویارک کی جنگلی حیات، جنگلات اور صاف پانی کے ذرائع کو محفوظ کرتا ہے، جو نیویارک کی صحت اور معیشت کے لیے ضروری ہیں۔FY2024 کے منظور شدہ بجٹ میں EPF کو ایک تاریخی سطح یعنی 400$ ملین پر برقرار رکھا گیا ہے۔ EPF اہم ماحولیاتی پروگرامز کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے جیسے کہ زمین کا حصول، کھیتی باڑی کا تحفظ، ناگوار کیڑوں کی روک تھام اور خاتمہ، تفریحی رسائی میں اضافہ، پانی کے معیار میں بہتری لانا، اور جارحانہ ماحولیاتی انصاف کا ایجنڈا۔

**اراضی ٹرسٹ اتحاد کے بارے میں**
1982 میں قائم شدہ، اراضی ٹرسٹ اتحاد، ملکی اراضی کے تحفظ کی ایک تنظیم ہے جو پورے امریکہ میں اراضی کے تحفظ کو مستحکم بناتے ہوئے ایسے مقامات کو محفوظ بنانے کے لیے کام کرتی ہے جو لوگوں کی ضرورت ہوں اور جن سے لوگ محبت کرتے ہیں۔ یہ اتحاد تقریباً 950 رکن اراضی ٹرسٹس کی نمائندگی کرتا ہے جو ملک بھر سے 250,000 سے زیادہ رضاکاروں اور 6.3 ملین اراکین کے تعاون سے قائم ہیں۔ یہ اتحاد واشنگٹن، D.C. میں قائم شدہ ہے، اور متعدد علاقائی دفاتر چلاتا ہے۔ اتحاد کے بارے میں مزید معلومات www.landtrustalliance.org پر دستیاب ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں